SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
*April 21, 2017*
*For immediate release*

ایس ای سی پی نے ایک بڑے بروکر ہاوس کے خلاف کریمنل کیس دائر کر دیا

اسلام آباد (21اپریل) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ایک بڑے بروکر ہاوس کے خلاف سٹاک مارکیٹ کے حصص کے لین دین اور قیمتوں میں ہیر پھیر کرنے پر فوجداری مقدمہ دائر کر دیا ہے۔

ایس ای سی پی کی تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ یہ بروکر ہاوس اور اس کے چند صارفین، سال دو ہزار چودہ اور دو ہزار پندرہ کے دوران مختلف سکرپٹ میں مصنوعی پیشکش جاری کر کے قیمتوں میں ہیر پھیر کرنے میں ملوث رہے۔ یہ سرمایہ کاران مخصوص حصص کی خریداری یا فروخت کے لئے آڈر جاری کرتے اور ٹریڈ مکمل ہونے سے پہلے ہی اپنا آڈر منسوخ کر دیتے۔ اس سر گرمی کے لئے بھی انہوں نے وقت مقرر کر رکھے تھے مار کیٹ بند ہونے سے قبل مخصوص حصص کی خریداری کے لئے بڑی تعداد میں وُڈر جاری کرتے۔ ان کے اس عمل سے ان حصص کے لئے مصنوعی طلب پیدا ہوتی اور قیمت میں اضافہ ہو جاتا۔
یہ جاننا ضروری ہے کہ مارکیٹ میں ہیر پھیر کرنا ایک جرم ہے جس کی وضاحت سکیورٹیز ایکٹ 2015 کی شق نمبر 133 میں کی گئی ہے۔ ایس ای سی پی کی جانب سے دائر کی جانے والی یہ ایک بڑا مقدمہ ہے اور کمیشن کا ادارہ ہے کہ اس حوالے سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی اور ذمہ داروں کو منتقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔